08/07/2025

12.30 PM(5 min)

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

اب آپ عابدہ اختر سے خبریں سُنئے

وزیراعظم

وزیر اعظم نریندر مودی Rio de Janeiro میں دو روزہ برکس سربراہی اجلاس میں شرکت کے بعد Brasilia پہنچ گئے ہیں جہاں ان کا شاندار استقبال کیا گیا۔وزیر اعظم دیگر مصروفیات کے ساتھ ساتھ برازیل کے صدر Lula da Silva کے ساتھ باہمی دلچسپی کے شعبوں میں دونوں ممالک کے درمیان اسٹریٹجک شراکت داری کو وسعت دینے پر دو طرفہ بات چیت کریں گے۔

وزیر خزانہ

وزیر خزانہ نرملا سیتا رمن نے کہا ہے کہ برکس کو عالمی جنوب کی مثالی آواز بننا چاہئے ،خاص طور پر جب عالمی ادارو‌ں کو قانونی حیثیت اور نمائندگی کے بحران کا سامنا ہے۔کل Rio de Janeiro میں برکس کے وزرائے خزانہ اور مرکزی بینکوں کے گورنروں کی میٹنگ سے خطاب کرتے ہوئے، انہوں نے کہا کہ تجارت اور مالیاتی پابندیوں سے متعلق بھارت کے پالیسی ردعمل نے ڈھانچہ جاتی اصلاحات کو نافذ کرنے پر توجہ مرکوز کی ہے۔

جتیندر سنگھ

سائنس اور ٹیکنالوجی کے وزیر ڈاکٹر جتیندر سنگھ نے کہاکہ بھارت نے سال 2030 تک 3 سو ارب Bio Economy کا ہدف مقرر کیا ہے۔ انہوں نے اِس بات کو اجاگر کیا کہ ملک کے بائیو ٹیکنالوجی کے نظام نے گزشتہ ایک دہائی میں بڑی ترقی کی ہے، جہاں اسٹارٹ اپس کی تعداد 50 سے بڑھ کر اب تقریباً 11 ہزار ہوگئی ہے۔ حال ہی میں شروع کی گئی E3 Bio پالیسی کا ذکرکرتے ہوئے ڈاکٹر سنگھ نے کہا کہ اِس پالیسی نے پائیدار بائیو مینوفیکچرنگ میں بھارت کی قیادت کا راستہ ہموار کیا ہے۔

ایل جی ملاقات

بہار کے گورنر عارف محمد خان نے راج بھون سرینگر میں کل لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہاسے ملاقات کی ۔دریں اثناءضلع بارہمولہ کی گوردوارہ پربندھک کمیٹی کے ایک وفد نے بھی کمیٹی کے صدر پرمجیت سنگھ کی سربراہی میں لیفٹیننٹ گورنر سے ملاقات کی ۔ وفد نے یو ٹی میں سکھ برادری کی فلاح و بہبود اور بااختیار بنانے سے متعلق مختلف مسائل ایل جی کی نوٹس میں لائے ۔ لیفٹیننٹ گورنر نے وفد کو یقین دلایا کہ ان کی طرف سے اٹھائے گئے مسائل کو حل کرنے کے لئے مناسب کارروائی کی جائے گی۔

نائب وزیر اعلیٰ

بارڈر روڈس آرگنائزیشن کے جموں صوبے کے چیف انجینئر بریگیڈئر آر کے مشرا نے نائب وزیر اعلیٰ سریندر کمار کے تحت عملائے جا رہے سڑکوں کے مختلف منصوبوں کے BRO چودھری سے ملاقات کی اور انہیں صوبہ جموں میں بارے میں آگاہ کیا۔ نائب وزیر اعلیٰ نے پروجیکٹوں کی پیش رفت میں حائل تمام رکاوٹوں کو دور کرنے کی ضرورت پر زور دیا ۔

یاترا

دنوں پر مشتمل سالانہ شری امر نا تھ جی یاترا پہلگام اور بال تل دونوں راستوں سے خوش اسلوبی سے جا ری ہے۔ 38 گاندربل سے ہمارے نمائندے نے اطلاع دی ہے کہ تقریباً آٹھ ہزار یاتریوں نے دومیل کراس کیا ہے ۔

انہوں نے کہا کہ آج صبح نو بجے تک مزید ایک ہزار 4 سو یاتریوں نے پوتر گپھا میں شیولنگم کے درشن کئے ہیں ۔

اُدھر جموں کے بھگوتی نگر بیس کیمپ سے آج صبح 309 گاڑیوں میں سوار مزید 7 ہزار 541 یاتریونکا7واں قافلہ وادی کی طرف روانہ ہوا ہے ۔

جاوید احمد ڈار

دیہی ترقی کے وزیر جاوید احمد ڈار نے کل تجر شریف بارہمولہ سے زینہ گیر تک روڑ کی میکڈمائزیشن کے کام کی شروعات کی۔ مقامی لوگوں نے اس اقدام کی سراہنا کی ہے کیونکہ یہ علاقے کے لوگوں کی دیرینہ مانگ تھی ۔

بانڈی پورہ

جموں و کشمیر حکومت نے مالی سال 2025–26 کے لئے ایسپریشنل گرانٹ کے تحت بانڈی پورہ ضلع میں ترقیاتی کاموں کے لئے 41 کروڑ سے زیادہ کی رقم مختص کی ہے۔ یہ جانکاری کل ڈسٹرکٹ ڈیولپمنٹ کونسل کے چیئرپرسن عبد الغنی بھٹ کی صدارت مینمنعقدہ ضلعی افسران کی ایک میٹنگ کے دوران دی گئی ۔ میٹنگ میں ڈپٹی کمشنر بانڈی پورہ منظور احمد قادری بھی موجود تھے ۔

حج

حج کمیٹی آف انڈیا نے حج 2026 کے سلسلے میں آن لائن درخواستیں طلب کی ہیں ۔ خواہشمند عازمین 31 جولائی 2025 اور موبائل ایپلی کیشن حج سُوِدھا پر جمع کرا سکتے ہیں ۔عازمین hajcommitte.gov.in تک اپنی درخواستیں ویب سائٹ ہو ۔ Valid کے لئے لازمی ہے کہ ان کا پاسپورٹ 31 دسمبر 2026 تک

اطلاع

عوامی شکایات پر مبنی پروگرام شہر شہر منظر ہر جمعرات کو صبح ساڑھے نو بجے آکاشوانی سرینگر سے نشر ہوتا ہے ۔ اس پروگرام کا ایک خصوصی شمارہ آج رات ساڑھے آٹھ بجے آکاشوانی سرینگر سے نشر کیا جائے گا ۔ سننا نہ بھولئے گا ۔ آج رات ساڑھے آٹھ بجے---

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

ہمیں دیجئے اجازت

خدا حافظ